© rasailojaraid.com



جرس کارواں

# اسلام ہر حال میں دنیا پر غالب آکر رہے گا ○ حضرت شیخ الحدیث مدظلہ

## مشکلات و مصائب کے باوجود اہل حق کی جدوجہد ہمیشہ جاری رہے گی

مجلس عمل علماء اسلام پاکستان کے سربراہ شیخ الحدیث حضرت مولانا محمد سرفراز خان صفدر دامت برکاتہم نے طالبان کی اسلامی حکومت اور ملک کے دینی مدارس کے خلاف الزام تراشی کی سرکاری مہم کی مذمت کی ہے اور ایک بیان میں کہا ہے کہ سامراجی قوتوں نے ہمیشہ اہل حق کو بدنام کرنے کے لیے اسی قسم کی الزام تراشیوں کا سہارا لیا ہے مگر حق اور اہل حق کو ہر دور میں بالآخر کامیابی نصیب ہوئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ برصغیر پاک و ہند و بنگلہ دیش میں انگریز حکمرانوں نے بھی آزادی کی جنگ لڑنے والے مجاہدین کی کردار کشی کی مہم چلائی تھی اور انگریز نواز دانش وروں نے علماء حق کو فسادی اور وہابی کا لقب دے کر عوام کو ان سے متنفر کرنے کی کوشش کی تھی مگر تاریخ گواہ ہے کہ تمام تر وسائل اور اقتدار کی قوت کے باوجود انگریزوں کو اس میں کامیابی نہیں ہوئی۔ اسی طرح آج بھی امریکی سامراج مسلمان ممالک پر اپنا معاشی اور سیاسی تسلط قائم رکھنے کے لیے الزامات کی نئی فہرست لے کر اہل حق کو بدنام کرنے کی مہم چلا رہا ہے لیکن اپنے پیش رو انگریزوں کی طرح امریکیوں کو بھی اس مقصد میں ناکامی ہوگی اور نہ صرف پاکستان بلکہ پورے عالم اسلام میں اسلام کے غلبہ و نفاذ کے لیے اہل حق کی جدوجہد بالآخر کامیابی سے ہمکنار ہوگی۔ حضرت شیخ الحدیث مدظلہ نے علماء کرام اور دینی کارکنوں سے کہا ہے کہ وہ اپنے عظیم اسلاف کے کارناموں کا مطالعہ کریں اور ان کے نقش قدم پر چلتے ہوئے اسلام کی سربلندی اور کفر کے خاتمہ کے لیے پورے حوصلہ کے ساتھ جدوجہد جاری رکھیں۔

### مولانا حامد علی رحمانی کی گوجرانوالہ تشریف آوری

پاکستان شریعت کونسل کے مرکزی نائب امیر حضرت مولانا حامد علی رحمانی آف حسن ابدال گزشتہ روز گوجرانوالہ تشریف لائے۔ انہوں نے سیکرٹری جنرل مولانا زاہد الراشدی اور صوبائی راہنما مولانا محمد نواز بلوچ سے ملاقات کی اور مختلف جماعتی امور پر ان سے تبادلہ خیال کیا۔ اس موقع پر انہوں نے کہا کہ نئی نسل کو گمراہ کرانے کے لیے مختلف گروہ فکری محاذ پر کام کر رہے ہیں۔ اس لیے علماء کرام کو نظریاتی فتنوں سے خبردار ہو کر نئی پود کو ان کے اثرات سے بچانے کے لیے محنت کرنی چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ ہمارے اکابر نے حق کی سربلندی اور باطل کی سرکوبی کے لیے عظیم جدوجہد کی جو روایات قائم کی ہیں انہیں زندہ کرنے کی ضرورت ہے کیونکہ انہی روایات کو اپنا کر ہم آج کے مشکل ترین دور میں اپنی ذمہ داری کو صحیح طور پر ادا کر سکتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اکابر و اسلاف کی روایات ہی ہمارا اصل اثاثہ ہے اور جس گروہ نے بھی اس سے انحراف کیا ہے اس نے گمراہی پھیلانے کے سوا کوئی کردار ادا نہیں کیا۔

مولانا حامد علی رحمانی نے کہا کہ دینی جماعتوں کا اتحاد وقت کا تقاضہ ہے اور تمام دینی جماعتوں کو سنجیدگی کے ساتھ اس کے لیے پیش رفت کرنی چاہیے۔

### مدرسہ نصرۃ العلوم گوجرانوالہ میں ختم بخاری شریف

مدرسہ نصرۃ العلوم گوجرانوالہ میں ختم بخاری شریف کی سالانہ تقریب ۱۷ اکتوبر اتوار کو بعد نماز ظہر جامع مسجد نور میں ہوگی جس سے شیخ الحدیث حضرت مولانا محمد سرفراز خان صفدر دامت برکاتہم خطاب فرمائیں گے جبکہ مدرسہ نصرۃ العلوم کے سالانہ امتحانات ۲۰ اکتوبر بدھ کو ہوں گے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ۔

### ہیومن رائٹس فاؤنڈیشن آف پاکستان کے راہ نما ۱۷ اکتوبر کو گوجرانوالہ میں خطاب کریں گے

ہیومن رائٹس فاؤنڈیشن آف پاکستان کے چیئرمین چوہدری محمد ظفر اقبال ایڈووکیٹ ہائی کورٹ لاہور اور سیکرٹری جنرل پروفیسر چودھری شجاعت علی مجاہد ۱۷ اکتوبر اتوار کو بعد نماز عصر مرکزی جامع مسجد گوجرانوالہ میں علماء کرام اور دانش وروں کے اجلاس سے خطاب کریں گے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ۔

### مولانا اسد اللہ طارق گیلانی کی آمد

ورلڈ اسلامک فورم کے راہ نما اور آسٹریلیا میں اسلامک سنٹر کے خطیب مولانا سید اسد اللہ طارق گیلانی گزشتہ روز گوجرانوالہ تشریف لائے اور پاکستان شریعت کونسل کے سیکرٹری جنرل مولانا زاہد الراشدی سے ملاقات کی۔ مولانا اسد اللہ طارق گیلانی پاکستان کے معروف احرار راہ نما حضرت مولانا سید فضل الرحمٰن احرار رحمہ اللہ تعالیٰ آف صلاتوالی کے فرزند [illegible] لندن میں خطابت کے فرائض سرانجام دیتے رہے

© rasailojaraid.com